## سوال

(50) فجر اور مغرب کی نمازوں کے بعد مخصوص دعا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فجر اور مغرب کی فرض نمازوں کے بعد

"لَا اِلَہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیکَ لَہُ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِی وَیُمِیتُ وَہُوَ حَیٌّ لَا یَمُوتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَہُوَ عَلَی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ"

اس کو دس دس بار پڑھنے کی ترغیب آئی ہے کیا اس سلسلہ میں وارد حدیثیں صحیح ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فجر اور مغرب کی فرض نمازوں کے بعد مذکورہ بالا دعا کو دس دس بار پڑھنے کی مشروعیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی متعدد صحیح حدیثوں سے ثابت ہے ہر مسلمان مرد و عورت کو مذکورہ دونوں نمازوں کے بعد یہ دعا دیگر اذکار مسنونہ سے فارغ ہو کر پابندی سے پڑھنا چاہیے وہ اذکار مسنونہ جو پانچوں نمازوں کے بعد پڑھے جاتے ہیں۔

درج ذیل ہیں:

"أَستَغفِرُ اللہ، أَستَغفِرُ اللہ، أَستَغفِرُ اللہ اللّٰہمّ أَنتَ السّلامُ، وَمِنکَ السّلام، تبارَکتَ یا ذا الجَلالِ وَالإِکرام لا إِلٰہَ إِلاّ اللّٰہُ وحدَہُ لا شریکَ لہُ، لہُ المُلکُ ولہُ الحَمد، وہوَ علی کلّ شَیءٍ قدیر، اللّٰہمّ لا مانِعَ لما أَعطَیتَ، ولا مُعطِیَ لما منَعتَ، ولا ینفَعُ ذا الجَدِّ مِنکَ الجَد"

''میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں اے اللہ! تو سلامتی والا ہے اور تجھی سے سلامتی حاصل ہوتی ہے تیری ذات بابرکت ہے اے عظمت و جلال والے! اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کی تعریف اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ کوئی طاقت و قوت اللہ کی توفیق کے بغیر کارگر نہیں۔ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہم اسی کی عبادت کرتے ہیں نعمت و فضل اسی کا ہے اور اسی کے لیے عمدہ تعریف ہے اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ ہماری عبادت اسی کے لیے خالص ہے اگرچہ کافروں کو ناگوار لگے اے اللہ! جو تو دے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں۔ اور کسی مالدار کو اس کا مال تیرے عذاب سے بچا نہیں سکتا۔''

امام ہونے کی صورت میں تین بار "استغفر اللہ" اور:

اللّٰہُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ ، وَمِنْکَ السَّلَام ، تَبارَکْتَ یا ذا الجَلالِ " وَالاِکْرام "

پڑھنے کے بعد اسے مقتدیوں کی طرف متوجہ ہو جانا چاہیے یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے مقتدیوں کی طرف رخ کرتے وقت امام کا دائیں یا بائیں دونوں جانب سے مڑنا درست ہے آپ سے دونوں صورتیں ثابت ہیں۔

اسی طرح ہر فرض نماز کے بعد مندرجہ بالا اذکار کو پڑھنے کے بعد 33 بار "سبحان اللہ "33 بار "الحمد للہ "33 "اللہ اکبر "اور آخر میں ایک بار "لاالہ الااللہ وحدہ لاشریک لہ، لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئ قدیر" پڑھنا بھی مستحب ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ترغیب دلاتے ہوئے اسے بخشش و مغفرت کا سبب بتایا ہے۔

ایسے ہی ہر فرض نماز کے بعد اذکار مسنونہ سے فارغ ہو کر آیت الکرسی "قُلْ ہُوَ اللَّہُ أَحَدٌ " "قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ" اور قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ" کا پڑھنا بھی مشروع ہے۔ مگر فجر اور مغرب کی نماز کے بعد نیز سونے کے وقت ان سورتوں کا تین تین بار پڑھنا مستحب ہے جیسا کہ صحیح حدیثوں سے ثابت ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

**صفحہ: 109**

محدث فتویٰ